سٹی کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان کے مسودے پر آراء حاصل کر رہا ہے

برامپٹن، آن (11 جولائی 2022) – سٹی آف برامپٹن اپنے کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان کے مسودے پر آراء حاصل کر رہا ہے۔

ایکشن پلان کا یہ مسودہ، کمیونٹی سیفٹی اینڈ ویل بیئنگ آفس کی قیادت میں، چھوٹے بلدیاتی درجے پر کمیونٹی کی سلامتی و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے نئے سلیوشنز کی پیشکش کرتا ہے۔

ایکشن پلان کا مسودہ بنیادی طور پر مقامی علاقوں پر مرکوز ہے تاکہ حفاظت کے خدشات کو حل کیا جا سکے، ضرورت مند افراد کو وسائل کے ساتھ مربوط کیا جا سکے اور کمیونٹی میں تعلق کے احساس کو بڑھایا جا سکے۔ یہ توجہ مرکوز کرنے کے لیے تین شعبہ جات کا تعین کرتا ہے – سلامتی، آگاہی اور تقویت – جن کے حوالے سے حکمت عملی کے تحت کئی اقدامات موجود ہیں، جنہیں 2022 سے 2025 تک نافذ کیا جائے گا۔

ایکشن پلان کو کئی سالوں کے عرصے کے دوران کئی اہم فریقین کے ساتھ مشاورت اور جوابی آراء کے ذریعے تیار کیا گیا تھا۔ سٹی ایکشن پلان کے مسودے پر آراء حاصل کرنے کے لیے کمیونٹی سے دوبارہ رابطہ کر رہا ہے، جو کمیونٹی سیفٹی اینڈ ویل بیئنگ آفس سے cswo@brampton.ca پر یا سٹی کے عملے سے میٹنگ بک کر کے رابطہ کر سکتے ہیں۔ منصوبے اور رائے دینے کے انتخابات کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے Brampton.ca ملاحظہ کریں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca